الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل:darulifta@gmail.com ویب سائٹ:www.jamiabinoria.net فون:2560300-2560400 فیکس:2564586

Name :> **Khan'zz**
Address :> **Kuwait**
Sebject :> **NAMAZ**
Writer :>

Serial No :> **5879**
Fatwa No :> ٢١٠٢١
Date :> **1/29/2009**
Email :>

Dear Sir
As-Salaamu Alaikum Warahmatullahi Wabarakatuhu
I am Mohammad Harish Khan, working in Kuwait with a construction company and due some official problem; we don't offer NAMAZ in Masjid.Actually I want to know one FATWA related to NAMAZ of fajr. We are more than 12 or 13 people offer namaz in a place. Today morning one people came and offer direct FARZ namaz behind of IMAM, after finishing FARZ, He is going for 2 Rakat Sunnat but there is few have objection for offering sunnat after Farz. They say is out of shariyat.
So please clear this issue in the direction of Islam with references and remember me in DUA.
2:Actually I want to know one Fatwa under our religion. Today I saw one Muslim man. He has passed urine in stand ways. (He belongs before Arab Country)I told why not use setting place, he say its not big issue.So please provide the right ways. How a Muslim pass urine in Islamic culture.

السلام علیکم: میں محمد حارث خان ہوں میں کویت میں ایک تعمیراتی کمپنی میں کام کرتا ہوں اور دفتری مصروفیات کی وجہ مسجد میں نماز ادا نہیں کرتے دراصل مجھے فجر کی نماز سے متعلق ایک فتویٰ چاہیۓ ہم 12،13 آدمی ایک جگہ نماز پڑھتے ہیں آج صبح ایک آدمی آیا اور فرض نماز امام کے ساتھ ادا کرنے کے بعد اسنے دو رکعت سنت ادا کی کچھ لوگوں نے اس پر اعتراض کیا اور کہتے ہیں کہ اس طرح شریعت میں نہیں ہے۔

(۲) دوسرا مسئلہ اپنے مذہب سے متعلق پوچھنا چاہوں گا آج میں نے ایک آدمی کو دیکھا جو راستہ میں کھڑے ہو کر پیشاب کر رہا تھا وہ ایک عرب ملک کا باشندہ تھا میں نے اس سے پوچھا بیٹھ کر دوسری جگہوں میں کیوں نہیں کرتے تو اس نے جواب دیا کہ یہ کوئی بڑی بات نہیں۔ برائے مہربانی مجھے صحیح طریقہ بتائیں کہ ایک مسلمان مرد اسلامی تہذیب میں کیسے پیشاب کرے۔

الجواب حامدا ومصليا

(۱) فجر کی چھوٹی ہوئی سنتوں کو فرض نماز کے فوراً بعد طلوع آفتاب سے پہلے پڑھنا مکروہ ہے اس سے احتراز چاہیۓ۔ البتہ اسی دن طلوع آفتاب کے بعد سے زوال تک پڑھ سکتے ہیں اسکے بعد نہیں۔

فی الهندية: والسنن اذا فاتت عن وقتها لم يقضها الا ركعتى الفجر اذا فاتتا مع الفرض يقضيهما بعد طلوع الشمس الى وقت الزوال ثم يسقط۔ (جلد۱ ص۱۱۲)

(۲) قضائے حاجت کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ جہت قبلہ سے ہٹ کر پیشاب بیٹھ کر کیا جائے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کو معمول بنا لینا درست نہیں اس سے احتراز چاہیۓ۔

فی سنن الترمذی: عن عائشةؓ قالت من حدثكم أن النبی ﷺ كان يبول قائما فلا تصدقوا ما كان يبول قائما۔ (جلد۱ ص٤)

وفی سنن ابی داؤد: قال رسول اللہ ﷺ انما أنا لکم بمنزلة الوالد أعلمکم فاذا أحدکم الغائط فلا یستقبل القبلة ولا تستدبروها۔(جلد۱ ص۳)

وفی الدر المختار: (ویکره) تحریما (استقبال القبلة بالفرج) ولو (فی الخلاء) بالمد: بیت التغوط، کذا استدبارها (فی الاصح)۔(جلد۲ ص۶۵۵) واللہ أعلم

محمد اسد اللہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۱۸ جمادی الآخرة ۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۳ جمادی الآخرة ۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
عبداللہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۳ جمادی [illegible] ۱۴۳۰ھ

رئیس

نائب رئیس

دار الافتاء